KHYBER PAKHTUNKHWA, PUBLIC SERVICE COMMISSION

COMPETITIVE EXAMINATION FOR THE POSTS OF PROVINCIAL MANAGEMENT SERVICES (BPS-17).

2013

URDU, PAPER-II

TIME ALLOWED: 03 HOURS | **MAX:MARKS: 100**

(حصہ اوّل)

سوال نمبر 1 درج ذیل اجزاء میں سے ایک جزو کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے اور پہلے جز کی صورت میں نظم کا عنوان بھی دیجیے۔ (۲۰)

الف
چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں — ہر اک سے پُوچھتا ہُوں کہ جاؤں کدھر کو میں
جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار — اے کاش جانتا نہ ترے رہگزر کو میں
لو وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام — یہ جانتا اگر تو لُٹاتا نہ گھر کو میں

ب
یوں سجا چاند کہ جھلکا ترے انداز کا رنگ — یوں فضا مہکی کہ بدلا مرے ہمراز کا رنگ
سایۂ چشم میں حیراں رُخِ روشن کا جمال — سرخیِ لب میں پریشاں تری آواز کا رنگ
بے پیے ہوں کہ اگر لطف کرو آخرِ شب — شیشۂ مے میں ڈھلے صبح کے آغاز کا رنگ

سوال نمبر 2 حوالۂ متن اور سیاق و سباق کے ساتھ کسی ایک اقتباسِ نثر کی تشریح کیجیے۔ (۲۰)

(الف) مائی تاجو گاؤں کی آخری گلی میں سے نکل کر کھیت میں قدم رکھنے لگی تھی کہ جیسے ہر طرف سے گولیاں چلنے لگیں اور وہ ایک کھالے میں لڑھک کر لیٹ گئی۔ ہائے کہیں وہ وارث علی کو نہ مار رہے ہوں! مگر کیا ایک آدمی کو مارنے کے لیے اتنی بہت سی گولیوں کی ضرورت ہوتی ہے! کھالے میں ۔ ے اس نے کھیت کے کئی گنے گولیوں کی زد میں ٹوٹتے ہوئے دیکھے۔ اس نے یہ تک دیکھا کہ جہاں سے گنا ٹوٹتا ہے وہاں سے رس کی ایک دھار نکل کر جڑ کی طرف بہنے لگتی ہے ____ اور اسے راختاں یاد آگئی اور وہ کھالے میں سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

(ب) نواب صا ب چالیس کے لگ بھگ اور بہت صحت مند تھے۔ چشمہ ان کی ناک میں گہرا پھنسا ہوا اور گال شیشے سے اوپر ابھرے ہوئے تھے۔ آنکھیں گہری اور جبڑے اور ٹھوڑی اور سر کی ہڈی مضبوط اور چوڑی تھی۔ ان کے ہاتھ نازک اور خوش نما تھے۔ معمولی ناک نقشے کے باوجود ان کے چہرے پر وہ نرمی اور خوش شکلی تھی جو پُر آسائش زندگی کا پتہ دیتی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے وہ ایک ہاتھ کو بڑ... دل کش انداز میں حرکت دیتے تھے۔ کمرہ بڑے قرینے سے سجا تھا۔ نعیم کے عین پیچھے ایک بھس بھرا شیر کھڑا تھا جو خطرناک حد تک زندہ دکھائی دے رہا تھا۔ چاروں کونوں میں اونچے اونچے فرشی لیمپ روشن تھے۔

(حصہ دوم : تین سوالوں کے جواب دیں۔)

سوال نمبر 3	غالب کی غزل گوئی کی بنیاد خالصتاً واردات حسن وعشق ہی ہے لیکن وہ اس تجربے میں سب کو شریک کر لیتا ہے، اس رائے کی روشنی میں غالب کی غزل میں حسن وعشق کے تصور پر نوٹ لکھیے	(۲۰)
سوال نمبر 4	خاکم بدہن کے حوالے سے مشتاق احمد یوسفی کے مزاح کی خصوصیات بیان کریں۔	(۲۰)
سوال نمبر 5	'راجہ گدھ' کا موضوع نوجوان نسل کا کرائسس ہے، تائید یا تردید مثالوں سے کریں۔	(۲۰)
سوال نمبر 6	علامہ اقبال کی نظم 'خضرِ راہ' کا فکری وفنی جائزہ لیجیے۔	(۲۰)
سوال نمبر 7	مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری کی نمایاں خصوصیات مثالوں سے واضح کریں۔	(۲۰)